SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر I مجریہ ۱۹۷۵
SINDH ORDINANCE NO.I OF 1975
مغربی پاکستان کاٹن کنٹرول (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۵
THE WEST PAKISTAN COTON CONTROL (SINDH SECOND AMENDMENT) ORDINANCE, 1975

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۱۹۶۶۔۲ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XX کی دفعہ ۲۶ کی تبدیلی
Substitution of Section 26 of W.P Ordinance XX of 1966
۱۹۶۶۔۳ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XX کی دفعہ ۲۷ کی تبدیلی
Substitution of Section 27 of W.P Ordinance XX of 1966

سندھ آرڈیننس نمبر I مجریہ ۱۹۷۵
SINDH ORDINANCE NO.I OF 1975
مغربی پاکستان کاٹن کنٹرول (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۵
THE WEST PAKISTAN COTON

CONTROL (SINDH SECOND AMENDMENT) ORDINANCE, 1975

[۱۶ جنوری ۱۹۷۵]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان کاٹن کنٹرول آرڈیننس، ۱۹۶۶ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان کاٹن کنٹرول آرڈیننس، ۱۹۶۶ میں مزید ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی کا اجلاس جاری نہیں ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی اقدام اٹھانا ضروری ہو گیا ہے؛

اب، اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عبوری آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے ، سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے؛

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔(۱)اس آرڈیننس کو مغربی پاکستان کاٹن کنٹرول (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۵ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۶۶ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XX کی دفعہ ۲۶ کی تبدیلی
Substitution of Section 26 of W.P Ordinance XX of 1966

۲۔سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان کاٹن کنٹرول آرڈیننس، ۱۹۶۶ میں، جس کو اس کے بعد مذکورہ آرڈیننس کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۲۶ کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہوگا:

(کپاس کی قیمت طئے کرنا) "۲۶۔(۱)حکومت نوٹیفکیشن کے ذریعے کپاس یا کپاس کی بیج کے کسی بھی قسم کی قیمت کسی بھی کاٹن مارکیٹ یا مذکورہ علاقہ میں مقرر یا طے کر سکتی ہے۔

۱۹۶۶ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XX کی دفعہ ۲۷ کی تبدیلی
Substitution of Section 27 of

(۲)جو بھی ذیلی دفعہ (۱) کے تحت جاری کردہ نوٹیفکیشن کی خلاف ورزی کرے گا اس کو قید کی سزا دی جائے گی، جو دو سال تک بڑھ سکتی ہے یا جرمانہ جو پچیس ہزار روپے تک بڑھ سکتا ہے، یا دونوں ساتھ"۔

W.P Ordinance XX of 1966

۳۔مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۲۷ کو اسی دفعہ کی ذیلی دفعہ (۱) کے طور پر نمبر دیا جائے گا اور ذیلی دفعہ (۱) کے طور پر نمبر دینے کے بعد، مندرجہ ذیل ذیلی دفعہ کو شامل کیا جائے گا:

"(۲)جو بھی ذیلی دفعہ (۱) کے تحت جاری کردہ نوٹیفکیشن کی خلاف ورزی کرے گا اس کو قید کی سزا دی جائے گی، جو دو سال تک بڑھ سکتی ہے یا جرمانہ جو پچیس ہزار روپے تک بڑھ سکتا ہے، یا دونوں ساتھ"۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔